هرکه وَلست دربرش- داغ تو رویدش ز دل　　تا چو بدیگرے دهد- بازبری بداوری

کہتا ہے کہ جسکے پہلو میں دل ہے اُسکے دل سے تیرا داغ روئیدگی کی طرح اُگتا ہے؛ اور یہ اس لئے کہ اگر وہ دل کسی اور سے لگائے تو تو اِس حُجّت سے- کہ تیری نشانی اُسپر موجود ہے- وہاں سے اپنی چیز یعنی دل واپس لے لے۔ داوری جھگڑا نمٹانا- اور حجّت۔

نمونہ

رشکِ ملک چه و چرا؟ چوں بتو رہ نمی برد　　بیهده در هوائے تو می پرد از سبکسری

یعنی ہم ملائکہ پر کیوں رشک کریں جبکہ وہ بھی بے فائدہ تیری تلاش میں پرواز کرتے پھرتے ہیں اور تجھ تک نہیں پہنچ سکتے۔

نمونہ

حیف کہ من بخوں تپم- ور تو سخن رود کہ تو　　اشک بدیده بشمری، ناله بسینه بنگری

یعنی افسوس ہے کہ میں تو خون میں پڑا ہوا لوٹوں اور تیری نسبت یہ کہا جائے کہ تو آنسو آنکھ کے اندر گن لیتا ہے اور فریاد کو سینے کے اندر دیکھ لیتا ہے۔

شکایت

کوثر اگر بمن رسد خاک خورم ز بے نمی　　طوبی اگر ز من شود هیمه کشم ز بے بری

یعنی میری شومیِ بخت کا یہ حال ہے کہ اگر کوثر مجھکو ملجائے تو اُسمیں نمی باقی نرہے اور مجھے اُس خاک کے سوا کچھ حاصل نہو اور اگر طوبیٰ میری مِلک ہو جائے تو وہ ایسا بے بر ہو جائے کہ اُسکی لکڑی ایندھن کے کام آئے۔

نارسائی

بینیم از گداز دل در جگر آتشے چو سیل　　غالب اگر دمِ سخن رہ بضمیر من بری

کہتا ہے کہ اگر فکر شعر کے وقت تو میری حالتِ درونی کو ٹٹولے تو دل کے گداز سے ایک آگ کی رو بہتی ہوئی تجھکو نظر آئیگی- یہ اُس جوش اور اُس آگ کا بیان ہے جو اہلی شاعروں کے دلمیں شعر کہتے وقت بھڑکتی رہتی ہے۔

حالت فکر شعر

مرزا کی غزلیات- جو مقدار میں چار ہزار بیت سے کچھ زیادہ ہیں، اور جن میں منتخب اور برگزیدہ اشعار ایک چوتھائی سے کم نہونگے- اُنمیں سے کسی قدر اشعار- جو سرسری نظر میں صاف اور عمدہ معلوم ہوئے بطور نمونے کے یہاں نقل کردئے گئے ہیں؛ تاکہ جو لوگ فارسی شعر کا صحیح مذاق رکھتے ہیں- مگر اتنا دماغ نہیں رکھتے کہ مرزا کے کلام کو اوّل سے آخر تک بنظر غور دیکھیں- وہ مرزا کی غزل کا نمونہ دیکھکر اس بات کا اندازہ کر سکیں کہ مرزا کی غزل شعراے ایران کے کون سے طبقے کی غزل سے مناسبت رکھتی ہے؟ اور انکی اور مرزا کی غزل میں کیا نسبت پائی جاتی ہے؟ اگرچہ مقتضاے مقام یہ تھا کہ اس موقع پر مرزا کی چند غزلوں کا موازنہ اُن سب لوگوں کی غزل کے ساتھ کیا جاتا جنکی غزل پر مرزا نے اپنی غزل بلکہ اپنی تمام شاعری کی بنیاد رکھی ہے؛ یعنی نظیری، عرفی، ظہوری، طالب، اسیر وغیرہ مگر چونکہ اس مختصر میں زیادہ گنجائش نہیں، اور نیز عام طبائع کو اس قسم کی تدقیقات سے کچھ دل بستگی بھی نہیں معلوم ہوتی اس لئے یہاں مرزا کی صرف دو غزلوں کا مقابلہ نظیری اور ظہوری کی غزلوں سے- کہ اسوقت ان دونوں کے دیوان ہمارے پاس موجود ہیں- کیا جاتا ہے۔

نظیری کی جو مشہور غزل باخفتست اور بلاخفتست ہے مرزا صاحب نے بھی اسپر غزل لکھی ہے- نظیری کی غزل نو بیت کی ہے جسمیں سے ایک شعر پڑھا نہیں گیا اور مرزا کی غزل بارہ بیت کی ہے- اس لئے مرزا کی غزل میں سے بھی اول صرف آٹھ بیتیں یہاں لیجائینگی تاکہ ٹھیک ٹھیک موازنہ ہو سکے اور بعد موازنے کے مرزا کے باقی اشعار بھی نقل کردئے جائینگے۔

غالب	نظیری
بوادئے کہ دراں خضر را عصا خفتست	نظر بفا ہر و صیاد در خفا خفتست

اجل رسیدہ چہ داند بلا کجا خفتست بسینہ می سپر راہ گرچہ پا خفتست

نظیری نے اِس بات کو۔ کہ عشق ایسے طور پر وفتنہ پیدا ہوجاتا ہے جسکا سان گمان تک نہیں ہوتا۔ ایک معمولی حالت کے پیرائے میں۔ جو ہمیشہ صید اور صیاد کے باہم گذرتی رہتی ہے۔ بیان کیا ہے۔ نظیری کا بیان۔ جیسا کہ ظاہر ہے۔ بہت صاف اور نیچرل ہے۔ اور گویہ مطلع اُسکے اعلے درجے کے اشعار میں محسوب نہیں ہوسکتا لیکن مرزا کے مطلع سے بہرحال بہتر ہے۔

مرزا نے گویا اپنی ناگوار زندگی کا دشوار گذار مرحلہ خوشی خوشی طے کرنے کو اِس تمثیل میں بیان کیا ہے کہ جس خطرناک وادی میں حضرت خضر بھی ٹھنڈے پڑجاتے ہیں مَیں وہاں سینے کے بل چلتا ہوں۔ مرزا کے اس مطلع پر اُن کی زندگی میں "عصا خفتست" کے لفظ پر اعتراض ہوا تھا؛ مرزا نے جواب دیا کہ سعدی نے بھی تو کہا ہے "دو سے بجملہ اول عصاے پیر بخفت" مگر اِس جواب کو لوگوں نے تسلیم نہیں کیا؛ کیونکہ شیخ کے ہاں اِس قدر قرائن موجود ہیں کہ "عصا خفتن" سے جو معنی اُسنے بطور استعارے کے مراد رکھے ہیں اُن کے سوا دوسرے معنی کی طرف خیال ہی نہیں جاتا۔ بخلاف مرزا کے شعر کے۔ کہ جب تک یہ نہ بتایا جاے کہ سعدی نے عصا خفتن کے یہ معنی لئے ہیں۔ تب تک اُس سے یہ معنی مفہوم نہیں ہوسکتے۔

نظیری

کجا ز عشوۂ آں چشم نیم باز رہیم
کہ فتنہ خاستہ از خواب و پای ما خفتست

غالب

دگر ز ایمنی راہ و قرب کعبہ چہ حظ
مرا کہ ناقہ ز رفتار ماند و پا خفتست

نظیری معشوق کی اُس حالت کو۔ جب کہ وہ سوتے سے اُٹھا ہو، اور آنکھیں کچھ کھلی اور کچھ مندی ہوں اور اپنا جی اُسکے سامنے سے پرے ہٹنے کو چاہتا نہو۔ اِس طرح ادا کرتا ہے کہ فتنہ اُٹھ کھڑا ہوا ہے، اور ہمارا پانوں سُو گیا ہے؛ پس اُسکی چشمِ نیم باز کے عشوے سے کیونکر رہائی ہوگی۔

مرزا مسافر کی اُس حسرت ناک حالت کو جب کہ راہ بے خطر اور منزلِ مقصود قریب ہو مگر مسافر میں نہ اُسکی سواری میں آگے قدم اُٹھانے کی طاقت نہو اِس طرح بیان کرتے ہیں دگر ز ایمنی راہ الخ اِن دونو شعروں میں سے کسی ایک کو دوسرے پر مطلقاً ترجیح نہیں دی جاسکتی جو عاشقانہ مضامین کو پسند کرتے ہیں وہ ضرور نظیری کے شعر کو پسند کرینگے مگر اِس لحاظ سے کہ مرزا کا بیان عاشق اور غیر عاشق سب کے حالات پر حاوی ہے اور ہر شخص جسپر ایسی حالت گذرے اُسکا مصداق ہوسکتا ہے یقیناً نظیری کے شعر پر فوقیت رکھتا ہے۔

نظیری

کسے بہ قلبِ شبستم ترکتازے آرد
کہ بر فراشِ قصب پای درخا خفتست

غالب

غمت بشہر شبیخون زناں بہ بنگہِ خلق
عسس بخانہ و شہ در حرم سرا خفتست

نظیری کا شعر محض عاشقانہ ہے اور اِس لحاظ سے کہ یہ مضمون اول اُسکو سوجھا ہے مرزا کے شعر پر ترجیح دینے کے قابل ہے کہتا ہے کہ میرے گھر پر آدھی رات گئے وہ شخص آکر ڈاکا ڈالتا ہے جو ریشمی بچھونوں میں پانوں کو مہندی لگانے پڑا سوتا ہے مطلب یہ کہ اُسکا تصور اور اُسکا خیال بغیر اِسکے کہ اُسکو اطلاع ہو رات کو آکر چھاتی پر سوار ہوجاتا ہے اور راحت و

آرام بالکل برباد کر دیتا ہے۔

مرزا کہتے ہیں کہ تیرا غم شہر میں لوگوں کے گھروں پر شبخوں مار رہا ہے اور کوتوال اپنے گھر میں اور بادشاہ محلسرا میں چین سے پڑے سوتے ہیں۔ یہ سچ ہے کہ مرزا کے دل میں یہ خیال نظیری کے شعر سے پیدا ہوا ہے مگر مرزا کی غیر معمولی اُپج اور بلند پروازی کے ثبوت کے لئے صرف یہی اقتباس کافی ہے کہ تھوڑے سے تصرف سے نظیری کے مضمون کو کہاں سے کہاں پہنچا دیا ہے۔ نیز مرزا کے بیان میں حقیقت و مجاز دونو پہلو موجود ہیں اور نظیری کا بیان صرف مجازی معنی میں محدود ہے۔

نظیری

شمیمِ مہر ز باغِ وفا نمے آید
بہر چمن کہ تو بشگفتۂ صبا خفتست

غالب

ببیں ز دور و مجو قربِ شہ کہ منظر را
دریچہ باز و بدروازہ اژدہا خفتست

اگرچہ مآل دونو شعروں کا واحد ہے، مگر دونوں کے بیان کا عالم الگ الگ ہے۔ نظیری اس طرح بیان کرتا ہے کہ وفائے حقیقی کے باغ سے مہر و التفات کی خوشبو نہیں آتی، گویا جس چمن میں وہ پھول (یعنی معشوقِ حقیقی) کھلا ہوا ہے وہاں کی صبا پڑی سوتی ہے (یعنی اسکو اہتزاز مطلق نہیں ہے) جس سے اُس چمن کی خوشبو عالم میں پھیلے۔

مرزا یوں کہتے ہیں کہ آثار و افعال کے ذریعے سے اُسکو دُور ہی سے دیکھ لو، اور قربِ شاہ یعنی ذاتِ بحت کی تلاش مت کرو، کیونکہ اگرچہ جھروکے کے پٹ کھلے ہوئے ہیں (یعنی اُسکے آثار و افعال سب پر ظاہر ہیں) مگر اندر کوئی نہیں جانے پاتا، کیونکہ عین دروازے پر اژدھا سوتا ہے۔

اِس تقریر سے ظاہر ہے کہ مآل دونو کا یہ ہے کہ معرفتِ ذات محالات سے ہے۔ مگر ہمارے نزدیک مرزا کا بیان نظیری کے بیان سے زیادہ بلیغ اور زیادہ دلکش واقع ہوا ہے۔

نظیری

طبیبِ عشق بمُرد طمع ز بیمارے
کہ شب براحت ازیں درد و بے دوا خفتست

غالب

بصبحِ حشر چنیں خستہ روسیہ خیزد
کہ در شکایتِ درد و غمِ دوا خفتست

نظیری کہتا ہے کہ مرضِ عشق کا طبیب اُس بیمار کے علاج سے مایوس ہو جاتا ہے جو کسی رات کو اس درد بے دوا یعنی عشق کی بےچینی سے آرام کے ساتھ سو گیا ہو؛ گویا مریضِ عشق کی علامتِ محمود یہی ہے کہ اُسکو کبھی راحت نصیب نہو۔ مگر شعرائے متصوفین کے اصول کے موافق نظیری کے بیان میں یہ خلل تھا کہ وہ راحت کو ردی علامت بتاتا ہے؛ حالانکہ عاشقِ صادق کی علامت یہی ہے کہ اُسکو دوست کی راہ میں درد اور تکلیف کبھی محسوس ہی نہو؛ بلکہ ہر ایک درد اور تکلیف عینِ راحت معلوم ہو۔ پس نظیری کے بیان سے گویا یہ لازم آتا تھا کہ عاشقِ صادق وہی ہے جو ہمیشہ بےچینی اور بیقراری میں بسر کرے، اور جب ایسا ہوگا تو کبھی نہ کبھی شکایت بھی اُسکی زبان سے نکلے گی۔

مرزا نے اسی لئے اِس مضمون کو اُلٹ دیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ وہ بیمار حشر کے دن روسیاہ اُٹھے جو درد دل کی شکایت اور دوا کی تلاش کرتا ہوا سویا ہے۔

نظیری

کس از معانقۂ روزِ وصل یابد ذوق

غالب

درازیِ شبِ بیداریِ من انیہمہ نیست

کہ چند شب بہم آغوشِ خود جدا خفتست   ز بختِ من خبر آرید تا کجا خفتست

نظیری کا شعر صاف ہے۔ کس۔ آں کس کی جگہ لایا ہے۔ معانقۂ روزِ وصل ۔ وہ معانقہ جو وصل کے دن عاشق و معشوق میں واقع ہو۔ شعر کا مضمون معمولی ہے، مگر الفاظ نے جان ڈال دی ہے۔

مرزا کہتے ہیں کہ شبِ ہجر کی درازی، اور میری بیداری کا کیا خیال کرتے ہو، یہ تو کچھ بھی بات نہیں۔ ہاں یہ تلاش کرو کہ میرا نصیب کہاں پڑا سوتا ہے؟ کیونکہ رات کی درازی، اور میری بیداری، اور ایسی ایسی اور سیکڑوں مصیبتیں ۔ سب اُسی کے سو جانے سے پیدا ہوئی ہیں۔ محاکمہ دونو میں یہ ہے کہ نظیری کا شعر زیادہ نیچرل اور حالی ہے۔ اور مرزا کے شعر میں شاعرانہ لطافت اور خوبی نظیری کے شعر سے زیادہ ہے اور کوئی بات اُس میں اَن نیچرل بھی نہیں ہے۔

نظیری	غالب
شبِ امید بہ از روزِ عید مے گذرد	بدیں نیاز کہ با تست نازمی رسدم
کہ آشنا بہ تمنائے آشنا خفتست	گدا بہ سایۂ دیوارِ پادشا خفتست

نظیری کا شعر اُسکی تمام غزل میں بیت الغزل ہے بلکہ اُسکے سارے دیوان کے اُن ۲۰ نشتروں میں سے ایک نشتر ہے جو اساتذہ نے اُسکی غزلیات میں سے انتخاب کئے ہیں۔

مرزا کا شعر گو نظیری کے شعر کی برابری نہیں کرسکتا ۔ مگر ایسے بلند شعر پر یہ شعر کہنا مرزا ہی کا

کام تھا تشبیہ نہایت بلیغ اور دل نشین واقع ہوئی ہے۔ یعنی مجھ جیسے ادنےٰ درجے کے آدمی کو جو تیری جناب میں نیاز ہے اُسپر مجھکو ایسا ہی ناز ہے جیسا اُس فقیر کو ہونا چاہیے جو بادشاہی محل کی دیوار کے سائے میں پڑا ہو۔

نظیری	غالب
فسانہ صرفِ نظیری مکن کہ خواب کند	بخواب چوں خودم آسودہ دل مداں غالب
شکستۂ کہ بصد درد مبتلا خفتست	کہ خستہ غرقہ بخوں خفتہ است تا خفتست

نظیری کے شعر کا یہ مطلب ہے کہ نظیری کو فسانہ اِس لئے سُنانا فضول ہے کہ ایک شکستہ و کوفتہ آدمی (نظیری) جو طرح طرح کی تکلیف میں مبتلا ہو کر پڑ رہا ہے ۔ وہ سو رہے گا۔

مرزا کے شعر کا ماحصل یہ ہے کہ اگر میں سو بھی جاؤں تو اے غالب! مجھکو اپنی طرح آسودہ اور خوشحال نہ سمجھنا، کیونکہ بیمار (یعنی میں) جب سویا ہوں تو خون میں ڈوبا ہوا سویا ہوں۔ پس ایسے شخص کو جاگتے یا سوتے کیا راحت نصیب ہو سکتی ہے۔

یہاں تک دونو غزلوں میں سے صرف آٹھ آٹھ شعر ہم نے نقل کئے ہیں اور مرزا کے آٹھ شعر وہ لکھے ہیں جو کسی نہ کسی قدر نظیری کے اشعار سے لفظی یا معنوی مناسبت رکھتے تھے۔ اب مرزا کے باقی اشعار ۔ جو نظیری کی غزل سے تعداد میں زیادہ ہیں لکھتے ہیں۔

خروشِ حلقۂ رنداں ز نازنیں پسریست   کہ سر بزانوے زاہد بہ بوریا خفتست
ہوا مخالف و شب تار و بحر طوفاں خیز   گسستہ لنگرِ کشتی و ناخدا خفتست

دلم بسبحہ و سجّادہ و ردا لرزد ... کہ دزد در مرحلہ بیدار و پارسا خفتست

براہ خفتنِ من ہر کہ بنگرد داند ... کہ میرِ قافلہ در کارواں سرا خفتست

پہلا شعر محض رندانہ ہے؛ اور زبان کی گرمی اور شوخی کے سوا اور کوئی معنوی لطافت نہیں رکھتا۔ اُسکے بعد کے تینوں شعر ہم سِتّے کی ردیف کے انتخابی اشعار میں مع ہر ایک کی شرح کے لکھ آئے ہیں۔ اِنمیں سے پہلا شعر ہمارے نزدیک مرزا کی تمام غزل میں بیت الغزل ہے۔ اور پچھلے دونو شعر بھی نظیری کے غزل کے عام اشعار سے کسی طرح رتبے میں کم نہیں ہیں۔ پس اگر نظیری کا بہت ادب کیا جائے تو ہم اِس سے آگے نہیں بڑھ سکتے کہ دونو غزلوں کو مساوی درجے میں رکھیں۔ ورنہ انصاف یہ ہے کہ ہیأت مجموعی کے لحاظ سے مرزا کی غزل نظیری کی غزل سے یقیناً بڑھ گئی ہے۔ لیکن ایک آدھ غزل میں نظیری سے سبقت لیجانے کے یہ معنی نہیں ہیں کہ مرزا کی غزل کو مطلقاً نظیری کی غزل پر ترجیح دیجائے۔ نظیری وہ شخص ہے جسکی نسبت مرزا صائب کہتے ہیں۔

"صائب چہ مجال ست شوی ہمچو نظیری ... عرفی بہ نظیری نرسانید سخن را"

اور مرزا جلال اسیر کہتے ہیں۔

"ہمچشمی نظیری حد بشر نباشد

اور شیخ ابوالفضل آئین اکبری میں اُسکی نسبت لکھتے ہیں "درے از نزہتگاہِ معنی بر روی کشودہ اند"

پس ہماری غرض مذکورہ بالا غزلوں کے مقابلہ کرنے سے صرف اس قدر تھی کہ مرزا نے غزل میں نظیری کے تتبع کو جس درجے تک پہنچایا تھا اُس سے لوگ اچھی طرح مطلع ہو جائیں۔ ورنہ اِس غزل کی بنا

اور جس قدر غزلیں مرزا نے نظیری کی غزلوں پر لکھی ہیں اُن میں شاید ہی کوئی غزل ایسی ہوگی جسمیں نظیری کی غزل کا پلہ مرزا کی غزل سے غالب نہو۔ کیونکہ اکثر پچھلے شعرا اگلوں کی اُنھیں غزلوں پر طبع آزمائی کرتے ہیں جو اُنکے سارے دیوان میں چیدہ و برگزیدہ اور منتخب ہوتی ہیں۔ پس ایسی زمینوں میں اگلوں سے پچھلوں کا سبقت لیجانا کچھ ہنسی کھیل نہیں ہے۔

اب ہم مرزا کی ایک غزل کا موازنہ ظہوری کی غزل کے ساتھ کرتے ہیں کہ یہ دونو غزلیں شیخ سعدی کی اِس غزل پر لکھی گئی ہیں

"شبِ فراق چہ داند کہ تا سحر چند ست ... مگر کسیکہ بزندانِ عشق در بند ست"

اگرچہ مرزا نے ظہوری کی غزلوں پر بہت کم غزلیں لکھی ہیں۔ مگر چونکہ وہ اپنے تئیں ظہوری کا متتبع ظاہر کرتے ہیں اِس لئے اُسکی ایک غزل کے ساتھ بھی مرزا کی غزل کا موازنہ کرنا ضرور تھا۔ ظہوری کا دیوان جو ہمارے پاس موجود ہے اُسمیں۔ یا تو کاتبوں کی تصحیف سے، اور یا خود ظہوری کی پیچیدہ بیانی کے سبب۔ اکثر اشعار کے معنی سمجھ میں نہیں آتے۔ بہت مشکل سے صرف ایک غزل ایسی نکلی ہے جسکے ہر ایک شعر کے کچھ نہ کچھ معنی اپنی سمجھ کے موافق لگالئے گئے ہیں؛ اور اُسکے تمام اشعار کا مقابلہ بعض اصحاب کی معرفت دوسرے صحیح نسخہ سے بھی کرلیا گیا ہے۔ اِس لئے وہی غزل موازنے کے لئے انتخاب کی گئی ہے۔ اور چونکہ وہ شیخ کی غزل پر لکھی گئی ہے اِس واسطے یہ خیال کیا گیا ہے کہ ظہوری نے اُسمیں اپنی پوری طاقت صرف کی ہوگی۔ ایک اور وجہ اِس غزل کی تخصیص کی یہ ہے کہ مرزا نے اپنی تمام غزل میں ایک شعر کے سوا تمام اشعار میں وہی قافیے باندھے ہیں جو ظہوری کے ہاں بندھے ہوئے تھے۔ اور نیز دونو غزلیں ابیات کی تعداد کے لحاظ سے بھی برابر یعنی